علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد

کلیہ عربی وعلومِ اسلامیہ

(شعبہ سیرت سٹڈیز)

عزیز طلبہ! آپ یہ بات ذہن نشین کرلیں کہ:

1۔ اگر آپ اپنی امتحانی مشق میں کسی اور کی تحریر میں سے مواد چوری کر کے لکھیں گے یا آپ اپنی امتحانی مشق کسی دوسرے طالب علم سے لکھوائیں گے تو آپ سرٹیفکیٹ یا ڈگری سے محروم ہوسکتے ہیں خواہ اس کا علم کسی بھی مرحلہ پر ہو جائے۔

2۔ کسی دوسرے طالب علم سے ادھار لی گئی یا چوری کی گئی امتحانی مشق پر علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی اسلام آباد کی "مواد کی چوری Plagiarism "پالیسی کے مطابق سزا دی جائے گی۔

کورس: دلائل و معجزات رسول ﷺ (3907) **سمسٹر: بہار،2026ء**

سطح: بی ایس علوم اسلامیہ (تخصص سیرت سٹڈیز)

ہدایت نامہ برائے طلبہ

برائے مہربانی امتحانی مشقیں حل کرنے سے پہلے درج ذیل ہدایات کو غور سے پڑھیے

1- تمام سوالات کے نمبر مساوی ہیں البتہ ہر سوال کی نوعیت کے مطابق نمبر تقسیم ہوں گے۔

2- سوالات کو توجہ سے پڑھیےاور سوال کے تقاضے کے مطابق جواب تحریر کیجئے۔

3- ہاتھ سے تحریر شدہ سکین (Scanned)امتحانی مشقیں قبول نہیں کی جائیں گی، صرف اردو اور عربی میں اپنی مشقیں حل کرنے والے طلبہ اپنے ہاتھ سے لکھی ہوئی مشق سکین کر کے اپنے LMS پورٹل پر اپ لوڈ کر سکتے ہیں، فائل کا زیادہ سے زیادہ سائز 5MB ہونا چاہیے۔

4- ٹائپ کی گئی امتحانی مشقیں (Word یا PDF فارمیٹ) میں LMS پر بروقت یا مقررہ تاریخ سے قبل اَپ لوڈ کریں۔

5- مقررہ تاریخ کے بعد / تاخیر کی صورت میں امتحانی مشقیں اَپ لوڈ نہ ہو سکیں گی جس کی تمام تر ذمہ داری طالب علم پر ہو گی۔

6- آپ کے تجرباتی اور نظریاتی طرزِ تحریر کی قدر افزائی کی جائے گی۔

7- غیر متعلقہ بحث / معلومات اور کتب، سٹڈی گائیڈ یا دیگر مطالعاتی مواد سے ہو بہو نقل کرنے سے اجتناب کیجئے۔

کل نمبر:100 | کامیابی کے نمبر:50

امتحانی مشق نمبر1

(یونٹ:1تا4)

سوال نمبر1۔ نبوت ورسالت کے معنی ومفہوم کی وضاحت کریں اور ان میں فرق بیان کریں۔ (20)

سوال نمبر2۔ دلیل، دلائل اور دلالت کے لغوی مفہوم کی وضاحت کریں اور اعلام کا مفہوم تحریر کریں۔ (20)

سوال نمبر3۔ رسول اللہ ﷺ کے "چہرہ انور کا خوبصورت ووجیہ ہونا" پر جامع نوٹ تحریر کریں۔ (20)

سوال نمبر4۔ اللہ تعالیٰ کی طرف سے قرآن کریم کے حفظ وبقاء کے وعدہ پر جامع نوٹ تحریر کریں۔ (20)

سوال نمبر5۔ سحر وجادو کی تعریف کریں، معجزہ، سحر وجادو، کہانت اور کرامت میں فرق بیان کریں۔ (20)

کل نمبر:100 | کامیابی کے نمبر:50

امتحانی مشق نمبر2

(یونٹ:5تا9)

سوال نمبر1۔ واقعہ معراج پر جامع نوٹ تحریر کریں۔ (20)

سوال نمبر2۔ رسول اللہ ﷺ کے معجزانہ سیرت وکردار پر روشنی ڈالیں۔ (20)

سوال نمبر3۔ جنگ بدر میں فرشتوں کی آمد پر مفصل نوٹ تحریر کریں۔ (20)

سوال نمبر4۔ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے وصال اور تدفین کے معجزات پر جامع مضمون لکھیں۔ (20)

سوال نمبر5۔ خصائص نبوی ﷺ پر جامع مضمون تحریر کریں۔ (20)